
# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



# ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 10 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں ضرور رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

اس کتاب میں تین کہانیاں ہیں۔ سیشن 1 تینوں کہانیوں پر عمومی سیشن ہے۔ سیشن 4 ,3 ,2 جوتوں کی لڑائی پر ہیں۔ سیشن 7 ,6 ,5 اڑتا ہاتھی پر ہیں۔ سیشن10 ,9 ,8 چھوٹی چڑیا پر ہیں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- بچوں کو تینوں کہانیاں پڑھ کر سنائیں۔

- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کون سی کہانی سب سے زیادہ پسند آئی اور کون سی سب سے کم اور کیوں۔

- اس طرح کہانی کے بارے میں آپ کے کچھ بتانے سے پہلے بچوں کو اظہار خیال کا موقع ملے گا۔

30 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ ان کے خیال میں کہانی لکھنے کا اصل مقصد کیا ہوتا ہے؟ کہانیوں میں کوئی مقصد چھپا ہوا ہوتا ہے اور تھوڑا سوچنے کے بعد سمجھ میں آتا ہے۔ مثلاً: جوتوں کی لڑائی میں ہمیں جوتوں کی مثال دے کر کچھ اور سمجھایا جا رہا ہے۔ اسی طرح اڑتا ہاتھی اور چھوٹی چڑیا کا چھپا ہوا مقصد گفتگو کے ذریعے بچوں سے پوچھیں۔

جوتوں کی لڑائی

# سیشن 2

5 منٹ

- جوتوں کی لڑای پڑھ کر سنائیں۔

25 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کہانی کی تصاویر میں مختلف اشیاء سے بنی ہوئی چیزوں کے نام بتائیں۔ ہر تصویر میں لکڑی، کاغذ، کپڑے اور چمڑے سے بنی ہوئی چیزیں ہیں۔ کچھ پلاسٹک کی اشیاء بھی ہیں۔ بورڈ

پر مندرجہ ذیل کولم بنائیے۔

| لکڑی | کاغذ | کپڑا | چمڑا | پلاسٹک |
| --- | --- | --- | --- | --- |

- بچوں سے باری باری چیزوں کے نام پوچھ کر صحیح کولم میں لکھئے۔ مثلاً کپڑے کی یہ چیزیں ہیں: پتلون، قمیض، چادر، غلاف، پلنگ پوش، میز پوش وغیرہ۔ اسی طرح لکڑی، کاغذ، پلاسٹک اور چمڑے کی چیزیں تصویروں میں سے پوچھ کر بورڈ پر لکھیں۔ ہر بچے کو بولنے کا موقع دیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

10 منٹ

- فہرست کے حوالے سے گفتگو کیجئے کہ ہم کیا کیا چیزیں پھینک دیتے ہیں جن کو دوبارہ استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ یہ کس طرح دوبارہ استعمال کی جا سکتی ہیں۔ recycling کی اہمیت پر بات چیت کیجئے۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- گھر سے رنگین مارکر یا crayon، خالی ڈبے، اون کے ٹکڑے، کپڑے کی کترن، پرانے موزے، پرانی بوتلیں، پرانے اخبار، کارٹن کا گتہ، پرانے بٹن، آئس کریم دہی وغیرہ کا خالی گلاس اور آئس کریم کی ڈنڈی لے کر آئیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 3 کے لئے گوند، قینچی وغیرہ کا انتظام کر لیں۔ اگلے صفحے پر دیئے گئے موڈلز میں سے کوئی موڈل خود بنا کر لائیں۔

# سیشن 3

45 منٹ

- بچے گھر سے جو چیزیں لائے ہیں ان سے نیچے دئے گئے موڈلز بنوائیں۔ اگر ہو سکے تو کسی آرٹ ٹیچر کو مدد کے لئے بلوا لیں۔

ان models کو ڈبوں کے ذریعے کھڑا رکھ سکتے ہیں۔

پرانی جراب سے یہ گھوڑا بنایئے۔ اخبار کے ٹکڑے اندر بھرے جائیں۔ آنکھوں کے لئے بٹن اور کانوں کے لئے کارڈ پیپر استعمال کریں۔

آئسکریم کا خالی گلاس اور ان کے ٹکڑے یا کپڑے کی کترن اور کچھ کاغذ کی پٹیوں سے انسان بنایئے

گتے سے کشتی، گھر اور جانور وغیرہ بنوایئے۔

# سیشن 4

15 منٹ
- بچوں کو بتایئے کہ موچی چپل کیسے بناتا ہے یا فیکٹری میں جوتے کیسے بنتے ہیں۔

ٹیچر کے لئے نوٹ: چمڑا جانوروں کی کھالوں سے بنتا ہے۔ اسی چمڑے سے دوسری اشیاء جیسے بیلٹ، ہینڈ بیگ، جیکٹ وغیرہ بھی بنتے ہیں۔ چمڑا عام طور پر بھیڑ، بکری یا گائے کی کھال سے بنتا ہے۔ مگر بہت سے دوسرے جانوروں کی کھال سے بھی یہی چیزیں بنائی جاتی ہیں۔ مثلاً سانپ کی کھال سے ہینڈ بیگ اور جوتے، مگر مچھ کی کھال سے سوٹ کیس، بیلٹ، ہینڈ بیگ۔ ان جانوروں کی کھال سے بنی ہوئی اشیاء کی مانگ چونکہ بہت زیادہ ہے اس لئے بہت سے جانوروں کی نسلیں کم ہو گئیں ہیں۔

- بچوں کو سمجھایئے کہ گائے، بھیڑ اور بکری کو بڑے پیمانے پر پالا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کا گوشت ہم کھاتے ہیں اور ان کی کھال بھی استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح ان جانوروں کی کھالیں ضائع نہیں ہوتیں۔ ان کی نسل ختم ہونے کا خطرہ نہیں ہے۔

15 منٹ
- بورڈ پر دو کولم بنائیں اور مندرجہ ذیل معلومات لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| وہ جانور جو پالے جاتے ہیں | |
|---|---|
| اردو | English |
| گائے | cow |
| بکری | goat |
| بھیڑ | sheep |
| اونٹ | camel |

| وہ جانور جن کی نسل ختم ہونے کا ڈر ہے | |
|---|---|
| اردو | English |
| مگر مچھ | crocodile |
| ہاتھی | elephant |
| وھیل | whale |
| لومڑی | fox |

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی پسند کے جانور کی تصویر بنائیں اور اس کے بارے میں چند لائنیں لکھیں۔

## اڑتا ہاتھی

# سیشن 5

20 منٹ

- اڑتا ہاتھی تاثرات کے ساتھ پڑھیں تاکہ بچے الفاظ کی ادائیگی سیکھیں۔ کہانی پڑھنے کے بعد بچوں سے باری باری پوچھیں کہ انہیں اس کہانی کی کون سی چیزیں پسند آئیں۔ کوشش کریں کہ ہر بچے کو رائے دینے کا موقع ملے۔

15 منٹ

- بچوں کو کتاب میں سے مشکل الفاظ تلاش کرنے کے لئے کہیں اور الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچوں سے پوچھ کر ان الفاظ کا انگریزی میں ترجمہ لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| اردو | English |
|---|---|
| بے حد | a lot |
| سست | lazy |
| دکھی | very sad |
| عجیب | strange |
| اداس | sad |

| اردو | English |
|---|---|
| اشارہ | sign |
| قالین | carpet |
| پر | wings |
| ہمیشہ | always |
| وعدہ | promise |

15 منٹ

- بچے کسی بھی 5 الفاظ کے جملے بنائیں۔

# سیشن 6

10 منٹ

- وقت کی پابندی کی اہمیت پر بچوں سے گفتگو کریں۔

25 منٹ

- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں گھڑی میں وقت دیکھنا آتا ہے۔ بورڈ پر گھڑی بنا کر گھڑی کی سوئیاں مختلف اوقات پر دکھا کر وقت پوچھیں۔

- سوا، ڈیڑھ، پونا اور ڈھائی کی اصطلاحات اچھی طرح سمجھائیں۔

- یہ بتائیں کہ کتنے سیکنڈ کا ایک منٹ، کتنے منٹ کا ایک گھنٹہ ہوتا ہے۔ اسی ترتیب سے دن، ہفتہ، مہینہ اور سال کس طرح بنتے ہیں بورڈ پر دو کولم بنا کر سمجھائیں۔

| | |
|---|---|
| 60 سیکنڈ | 1 منٹ |
| 60 منٹ | 1 گھنٹہ |
| 24 گھنٹے | 1 دن |
| 7 دن | 1 ہفتہ |
| 4 ہفتے | 1 مہینہ |
| 12 مہینے | 1 سال |
| 100 سال | 1 صدی |

## گھر کا کام

10 منٹ

- اپنے ابو یا امی سے انٹرویو کریں اور درج ذیل سوال پوچھ کر جواب لکھیں۔
  1 آپ روزانہ کون سی جگہ وقت پر جاتے ہیں؟
  2 جب آپ دعوت میں مدعو کئے جاتے ہیں تو کیا آپ وقت پر پہنچتے ہیں؟
  3 'آج کا کام کل پر نہ چھوڑو' کا کیا مطلب ہے؟ وقت کی پابندی کیوں ضروری ہے؟

# سیشن 7

10 منٹ

- کہانی سے لفظ ہاتھی سے متعلقہ الفاظ پوچھیں اور بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً:

سونڈ، چڑیا گھر، سلیٹی، جنگل، افریقہ، ہندوستان، یادداشت، ہاتھی دانت، گنا وغیرہ

25 منٹ

- بورڈ پر مندرجہ ذیل الفاظ لکھیں۔

پری، آسمان، سیر، وقت، دعوت

- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیوں میں یہ الفاظ لکھ کر ان سے کم از کم 5 متعلقہ الفاظ لکھیں۔

10 منٹ

- بچے جو الفاظ لکھیں وہ ان سے پڑھوائیں۔ بچے جب اپنے ساتھیوں سے فہرست سنیں گے تو وہ اس کا موازنہ اپنی لکھی ہوئی فہرست سے کریں گے اور یوں نئے الفاظ سیکھیں گے۔

پیاری چڑیا

## سیشن 8

15 منٹ

- پیاری چڑیا پڑھ کر سنائیں۔ 4 سے 6 بچوں سے کہانی کا ایک ایک صفحہ باری باری پڑھوائیں۔ بچوں سے کہانی پر گفتگو کریں۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کہانی میں جن جانوروں اور کیڑے مکوڑوں کی تصویریں موجود ہیں ان کے نام بتائیں۔

- بورڈ پر دو کولم بنا کر جانوروں کے نام لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر ان کا انگریزی میں ترجمہ لکھیں۔

| اردو | English |
|---|---|
| ببر شیر | lion |
| چڑیا | bird |
| بندر | monkey |
| جھینگر | cricket |
| جگنو | firefly |
| شیر | tiger |

| اردو | English |
|---|---|
| سانپ | snake |
| خرگوش | rabbit |
| ہاتھی | elephant |
| لومڑی | fox |
| بکرا | goat |
| گائے | cow |

15 منٹ

- جب بچے فہرست بنا لیں تو ان سے کہئے کہ وہ اس فہرست سے اپنی مرضی کے 5 جانوروں کے بارے میں ایک دو لائنیں لکھیں۔
  - کلاس میں چکر لگائیں۔ بچے اگر کسی لفظ کے ہجے معلوم کرنا چاہیں تو بورڈ پر لکھ کر بتائیں تاکہ دوسرے بچے اس سے استفادہ کر سکیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگلے سیشن کے لئے رنگین کاغذ، قینچی، stapler اور گوند کا انتظام کر لیں۔

## سیشن 9

45 منٹ

- اس سیشن میں بچے مختلف جانوروں کے کردار ادا کریں گے۔
  - بچوں کو رنگین کاغذ دیں۔ جس سے وہ 12 انچ لمبی اور 3 انچ چوڑی پٹیاں کاٹیں۔
  - ان سے کہیں کہ جو کردار وہ ادا کریں گے۔ اس کے مطابق کاغذ کی پٹی میں اضافہ کریں۔ مثال کے طور پر بندر کے کردار کے لئے دو کان کاٹ کر پٹی پر چکا دیں۔
  - جب سب بچے اپنی پٹیاں سروں پر پہن لیں تو ان سے کہیں کہ ایک ایک کر کے کلاس کے سامنے آ کر جانور کا کردار ادا کریں مثلاً جانور چلتا کیسے ہے، بولتا کیسے ہے وغیرہ۔

# سیشن 10

10 منٹ

- بچوں کو ان جانوروں کے بارے میں بتائیں جو زیادہ شکار کی وجہ سے کم ہوتے جا رہے ہیں۔ بچوں پر یہ بات بھی واضح کریں کہ ہمارے اندھا دھند درخت کاٹنے کی وجہ سے ملک میں بہت کم جنگلات باقی رہ گئے ہیں اور اس وجہ سے جانور کم ہو گئے ہیں۔ درختوں اور جانوروں کی اہمیت پر زور دیجئے اور بتایئے کہ ان سے قدرت کا توازن کیسے قائم رہتا ہے۔

10 منٹ

- پاکستان کے مختلف جانوروں کے بارے میں بچوں کو بتائیں۔ بورڈ پر 3 کولم بنائیں۔ نیچے دی ہوئی معلومات لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ:** اگلے صفحے پر پاکستان میں پائے جانے والے جانور اور پرندوں کے بارے میں اضافی معلومات ہیں۔ یہ اضافی معلومات بچوں کو زبانی بتائیں۔ اگر تصویروں کے ذریعے آپ انہیں یہ جانور اور پرندے دکھا سکیں تو زیادہ بہتر ہے۔

| جانور/ پرندے کا نام | | پاکستان میں کہاں پایا جاتا ہے |
|---|---|---|
| | | |
| ہرا کچھوا | green turtle | کراچی کا ساحل |
| بلھن | Indus dolphin | دریائے سندھ |
| سیہہ | porcupine | جنگلی علاقے اور زرعی زمین |
| سارہ | Sindh ibex | کوہ کرتھار |
| کالا ہرن | black buck | بہاولنگر، خیر پور، تھرپارکر |
| لدھڑ | otter | دریا یا جھیل کے کنارے |
| بھالو | bear | شمالی پہاڑ اور بلوچستان کے پہاڑ |
| چنکارہ | gazelle | کرتھار اور آس پاس کے علاقے |
| لومڑی | fox | ٹھٹھہ |
| سلہ | pangolin | پوٹھوہار اور ضلع پشاور سے لے کر جنوبی سندھ اور جنوبی بلوچستان تک |

| پاکستان میں کہاں پایا جاتا ہے | جانور/پرندے کا نام | |
|---|---|---|
| | english | اردو |
| سندھ اور بلوچستان | houbara bustard | ہوبارا |
| پنجاب | spoon bill | سپون بل |
| صوبہ سرحد | monal pheasant | مونال |
| شمالی پہاڑوں | marmot | کھن چوہا |
| کوہ کرتھار اور گلگت' چترال' بلوچستان کے پہاڑ | urial | ہڑیال |
| خنجراب نیشنل پارک | marcopolo sheep | روش |
| کوہ سلیمان اور شمالی پہاڑ | markhhor | مارخور |
| سوات اور چترال کے پہاڑ | snow leopard | برفانی چیتا |
| آزاد کشمیر اور وادی کاغان کے جنگلات | langur | لنگور |
| برفانی علاقے | Yak | یک |

| ٹیچر کے لئے اضافی معلومات | جانور/پرندے کا نام |
|---|---|
| اس کے انڈوں اور بچوں کی باقاعدہ پرورش کی جاتی ہے اور اسے نقصان پہنچانا جرم ہے۔ | ہرے کچھوے |
| دنیا بھر میں یہ dolphin کی ایک ہی قسم ہے جسے دکھائی نہیں دیتا۔ | بلھن |
| اس کی کمر کے لمبے بال کانٹوں کی صورت میں اس کے دفاع کے لئے کام آتے ہیں۔ | سیہہ |
| ایک قسم کا پہاڑی بکرا جس کے بڑے بڑے سینگ ہوتے ہیں۔ | سارہ |
| کالا ہرن بہت تیز رفتار جانور ہے۔ | کالا ہرن |
| یہ بل کھود کر رہتا ہے۔ | لدھڑ |
| اس کی چھوٹی نسل کو پالا بھی جاتا ہے۔ | بھالو |
| اس کی بینائی' سننے اور سونگھنے کی حس بے حد تیز ہے۔ | چنکارہ |
| بہت چالاک جانور ہے۔ | لومڑی |
| یہ دیمک اور چیونٹیاں وغیرہ کھاتا ہے۔ | سلہ |

| جانور/پرندے کا نام | ٹیچر کے لئے اضافی معلومات |
|---|---|
| ہوبارا | اس کا گوشت بہت لذیذ ہوتا ہے اور یہ بہت زیادہ شکار کیا جانے کی وجہ سے کم تعداد میں رہ گیا ہے۔ |
| سپون بل | اس کی چونچ چمچے کی مانند ہوتی ہے۔ |
| مونال | اس خوبصورت پرندے کا شکار اس کے رنگین خوشنما پر حاصل کرنے کے لئے کیا جاتا ہے جس سے ٹوپیاں وغیرہ سجائی جاتی ہیں۔ |
| کھن چوہا | یہ جانور 17,000 فٹ بلندی تک بل بنا کر رہتا ہے۔ |
| ہڑیال | ان کو کرتھار نیشنل پارک میں محفوظ کیا گیا ہے۔ |
| روش | یہ بھیڑ کی ایک قسم ہے جس کا نام مشہور سیاح مارکوپولو کے نام پر رکھا گیا ہے۔ |
| مارخور | یہ گھاس اور پتے کھاتا ہے۔ |
| برفانی چیتا | اس کا اس قدر شکار ہوا ہے کہ یہ تعداد میں بہت کم رہ گیا ہے۔ |
| گلدار | اس کا اس قدر شکار ہوا ہے کہ یہ تعداد میں بہت کم رہ گیا ہے۔ |
| لنگور | لنگور گروہ میں رہتے ہیں۔ |
| یک | اس کا دودھ اور گوشت استعمال میں لایا جاتا ہے۔ |

## گھر کا کام

5 منٹ

- پاکستان کے جانوروں/پرندوں کی تصویریں جمع کریں۔ پاکستان کا نقشہ لیں اور اپنی کوپی میں کاغذ رکھ کر اس کا عکس اتاریں۔ اس پر ان جانوروں اور پرندوں کی تصویریں جہاں جہاں وہ پائے جاتے ہیں، چپکائیں۔

# جوتوں کی لڑائی

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

not for sale